**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

Central Media Department

## گوادر میں 7 افراد کے بہیمانہ قتل کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے گوادر میں 7 معصوم پاکستانیوں کے سفاکانہ قتل کی شدید مذمت

شہریوں کے جان ومال کے تحفظ میں ناکامی پر وفاقی اور صوبائی حکومتوں پر کڑی تنقید

شہریوں کی عزت، آبرو اور جان ومال کے خلاف ریاست کے ماورائے قانون اقدام شرپسندوں کے حوصلے بڑھا رہے ہیں، امنِ عامہ کی صورتحال برقرار رکھنے اور شہریوں کی سلامتی یقینی بنانے کی بجائے خفیہ ایجنسیاں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے جنگل راج کے تحفظ میں لگے ہوئے ہیں،

فوجی ترجمان سیاسی پریس کانفرنسز کرنے اور ریاست قومی وسائل پر جھوٹے بیانیے بنانے اور ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت کو کچلنے میں مصروف ہیں، ترجمان تحریک انصاف

اندرونی وبیرونی دہشت گرد گوادر سے پشاور تک پوری آزادی سے پاکستانیوں کو قتل کرنے میں مصروف ہیں، سول اور عسکری ادارے سماج، سیاست اور نظامِ عدل کو قابو میں رکھنے کی بجائے اپنی توانائیاں ملکی اور غیر ملکی قاتلوں/شرپسندوں کی بیخ کنی پر خرچ کریں، ترجمان تحریک انصاف

گوادر میں معصوم پاکستانیوں کے خون سے ہولی کھیلنے والوں کا تعیّن کیا جائے اور انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، مقتولین کے اہلِ خانہ سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کے سوگ میں برابر کے شریک ہیں، شہداء کی بلندیٔ درجات اور پسماندگان کیلئے رب العزت سے صبرِ جمیل کے خواستگزار ہیں،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ